2020 年 8 月 14 日ジャング紙ラホール版 1

پشاور بی آر ٹی کا افتتاح، پرویز خٹک ٹھیک، میرے تحفظات غلط تھے، عمران خان

روٹ کیساتھ سارے ہسپتال منسلک، ہائبرڈ بسوں سے آلودگی کم ہوگی، وزیراعظم، پودا لگایا، پولیو مہم، احساس نشوونما پروگرام کا آغاز کردیا

27 کلومیٹر روٹ پر 220 بسیں چلائی جائینگی، 32 سٹیشنز کا سائیکل ٹریک بھی قائم، 71 ارب سے زائد خرچ، کرایہ 10 سے 50 روپے

پشاور (جنگ نیوز) بالآخر پشاور بس ریپڈ ٹرانسپورٹ چل پڑی، وزیراعظم نے افتتاح کردیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا مجھے BRT پر تحفظات تھے، پرویز خٹک ٹھیک میرے تحفظات غلط تھے۔ انہوں نے کہا کے پی کے حکومت کو مبارکباد دیتا ہوں، روٹ کیساتھ سارے ہسپتال منسلک، ہائبرڈ بسوں سے آلودگی کم ہوگی۔ بعدازاں وزیراعظم نے پولیو مہم اور احساس نشوونما پرگرام کا آغاز کردیا۔ 27 کلومیٹر روٹ کے منصوبے پر 71 ارب سے زیادہ لاگت آئی ہے، ابتدائی طور پر 128 بسیں چلیں گی جبکہ کل 220 بسیں چلائی جائینگی، کرایہ 10 سے 50 روپے ہوگا، معذوروں کیلئے جگہ مختص کردیگئی، بی آر ٹی میں 32 سٹیشنز کا سائیکل ٹریک بھی قائم کئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بی آر ٹی منصوبے کا افتتاح کردیا گیا۔ وزیراعظم عمران خان نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہاہے کہ بی آر ٹی کا کرایہ عام آدمی کی پہنچ میں ہوگا، عوام کی زندگی میں بہتری اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم عمران خان نے اس بات کا اعتراف کیا کہ پشاور بی آر ٹی منصوبے پر مجھے تحفظات تھے، پرویز خٹک پشاور بی آر ٹی منصوبے پر پراعتماد تھے، پرویز خٹک ٹھیک تھے اور میں غلط تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بی آر ٹی کے باعث شہر میں ٹریفک کی روانی میں بھی بہتری آئے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہائبرڈ بسوں سے آلودگی میں کمی ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں کے پی حکومت اور وزیراعلیٰ محمود خان کو بی آر ٹی منصوبے کی تکمیل پر مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ٹی کا کرایہ 10 سے 50 روپے تک ہر شہری برداشت کرسکتا ہے، طلبہ کیلئے بھی بی آر ٹی کے ٹکٹس رکھیں، بی آر ٹی کے روٹ کے ساتھ سارے ہسپتال بھی منسلک ہیں، بی آر ٹی سے بہترین سفری سہولت ملی ہے، اس سے خوشحالی آئے گی۔ خیال رہے کہ پشاور بس ریپڈ ٹرانسپورٹ (بی آر ٹی) منصوبے کا وزیراعظم عمران خان نے گزشتہ روز افتتاح کیا ہے، ابتدائی طور پر 27 کلومیٹر روٹ پر 128 جدید ائیر کنڈیشن بسیں چلیں گی۔ وزیر اعظم کو افتتاح سے پہلے منصوبے کے متعلق تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی اور وزیر اعظم نے افتتاح کے بعد بس میں سفر بھی کیا۔ پہلے سٹاپ تک 10 روپے اور پھر ہر 5 کلومیٹر کے فاصلے پر 5 روپے کرایہ ہوگا، مسافروں کو بسوں اور سٹیشنوں میں مفت وائی فائی، موبائل چارجنگ سمیت دیگر سہولیات میسر ہوں گی، اس کے علاوہ معذور افراد کیلئے بھی بسوں اور اسٹیشنز میں الگ جگہ مختص کی گئی ہے، روزانہ 4 لاکھ سے زیادہ مسافر بی آر ٹی پر سفر سے مستفید ہوں گے۔ 71 ارب روپے سے زیادہ لاگت کے اس منصوبے کے تحت 220 بسیں چلائی جائیں گی جس کے ذریعے روزانہ ساڑھے تین لاکھ سے زیادہ مسافر مستفید ہوں گے، مسافروں کی معلومات کے لیے جدید نظام وضع کیا گیا ہے جب کہ پلیٹ فارمز پر مسافروں کی حفاظت اور موثر کارکردگی کے لیے خودکار دروازے نصب کیے گئے ہیں، بس اسٹیشنز میں مسافروں کی سہولت کے لیے خودکار برقی سیڑھیاں اور لفٹ کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ واضح رہے خیبر پختونخوا کا میگا پراجیکٹ بی آر ٹی کا سنگ بنیاد اکتوبر 2017 میں سابق وزیراعلیٰ پرویز خٹک کے دورحکومت میں رکھا گیا تھا جس کی تکمیل کیلئے 6 ماہ کی ڈیڈ لائن دی گئی تھی تاہم اس دوران کم وبیش 8 مرتبہ منصوبے کے افتتاح کے حوالے سے ڈیڈ لائنز دی گئیں۔ منصوبے پر لاگت کا ابتدائی تخمینہ 49 ارب روپے لگایا گیا تھا تاہم منصوبے کے ڈیزائن میں نقائص کے باعث اس میں دو درجن سے زائد مرتبہ تبدیلیاں لائی گئیں جس سے اس کی لاگت 71 ارب روپے سے تجاوز کرگئی۔ دریں اثناء معاون خصوصی اطلاعات کامران بنگش کا کہنا ہے کہ چمکنی سے کارخانو مارکیٹ تک 27 کلومیٹر کا گھنٹوں میں طے ہونے والا سفر اب ذوا ایکسپریس سے صرف 45 منٹ جب کہ بی آر ٹی سٹاپنگ روٹ کے ذریعے ایک گھنٹے میں طے ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ شہری موبائل ایپ اور سفری کارڈ جب کہ ٹوکن سسٹم سے بھی کرایہ ادا کرسکیں گے۔ اس کے علاوہ بی آر ٹی میں سائیکل ٹریک اور سائیکلوں کیلئے 32 سٹیشنز قائم کئے گئے ہیں، منصوبہ کیلئے ماحول دوست بسوں کا چناؤ کیا گیا ہے۔ دوسری جانب وزیر اعظم نے احساس نشوونما پروگرام کا باقاعدہ آغاز کردیا۔ پہلے مرحلے میں 9 اضلاع میں 33 احساس نشوونما مراکز قائم کئے جارہے ہیں، پروگرام کے تحت سہ ماہی بنیادوں پر بچیوں کو 2 ہزار روپے جبکہ بچوں کو 1500 روپے وظیفہ دیا جائے گا۔ جمعرات کو وزیر اعظم عمران خان نے ضلع خیبر میں قائم نشوونما مرکز کا دورہ کیا جہاں معاون خصوصی ڈاکٹر ثانیہ نشتر نے وزیراعظم کو پروگرام کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس موقع پر خیبر پختونخوا کے گورنر شاہ فرمان، وزیراعلیٰ محمود خان، وفاقی وزیر مذہبی امور پیر نور الحق قادری اور منتخب نمائندے بھی موجود تھے۔ وزیراعظم عمران خان نے خیبر میں پودا لگا کر شجر کاری مہم میں حصہ لیا، وزیر اعظم نے اس موقع پر پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر پولیو کے انسداد کی مہم کا آغاز کیا۔ ادھر وزیر اعظم عمران خان نے نیشنل کوآرڈینیشن کمیٹی برائے ہاؤسنگ، کنسٹرکشن اینڈ ڈویلپمنٹ کے ہفتہ وار اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعمیرات کے شعبے میں تمام مراحل کی آٹو میشن، ڈیجیٹلائزیشن اور نظام کو آسان بنانے پر بھرپور توجہ دی جائے۔ اجلاس میں وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز، معاون خصوصی برائے بیرون ملک پاکستانی سید ذوالفقار عباس بخاری، متعلقہ وزارتوں کے سیکرٹری صاحبان، چیئرمین نیا پاکستان ہاؤسنگ اتھارٹی، گورنر اسٹیٹ بنک، چیئرمین ایف بی آر و دیگر سینئر حکام شریک ہوئے۔ چیف سیکرٹری صاحبان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ معروف کاروباری شخصیات عارف حبیب، عقیل کریم ڈھیڈی، محسن شیخانی اور حسن بخشی نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔